
# ۴۔ پسندیدہ سرگرمیاں

## (الف) پیداواری شعبے

### (ا) شعبہ : غذا

### ۱ء۱ آنگن میں باغ کام

مختلف سبزیوں اور پھلوں کے نام پہچاننا۔



### میری سرگرمی

سبزیوں اور پھلوں کی تصویریں اور پھلوں کے بیج جمع کرنا۔

تصویروں کے ذریعے سبزیوں اور پھلوں کی پہچان کرانا۔ پھلوں کے بیجوں کا ذخیرہ کرانا۔

## ۲ء۱ گملے میں پودا کاری

### مختلف گملوں کی پہچان




### میری سرگرمی

گملے کی مختلف شکلوں کی تصویریں جمع کر کے چپکانا۔

گملوں کی شکل کے مطابق ان کے ناموں کے بارے میں طلبہ کو بتائیں۔ رنگین تصاویر اور ویڈیو کا استعمال کیا جائے۔

## ۳ء۱ گملے کی شکلوں اور پودوں کی پہچان

سبزی ترکاریوں اور پھول پودوں کے گملے لگانا۔



سبزی ترکاریوں اور پھول پودوں کے گملوں کی تصویریں دِکھائیں۔


## ۴.۱ پھلوں پر عمل

### فروٹ مارکیٹ کی سیر - تصویر بیانی



### میری سرگرمی

تصویر میں رنگ بھرو۔



طلبہ کو تصویروں کی وضاحت کرنے کے لیے کہیں۔ تصویروں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔

## (ب) تصویروں سے پھل پہچاننا




### میری سرگرمی

پھلوں کی تصویریں بناؤ اور ان میں رنگ بھرو۔

طلبہ کو پھلوں کی تصویریں استعمال کرنے دیں۔ تصویر پہچاننے کا کھیل کھیلنے دیں۔

## ۱ء۵ مچھلی پالن

### پانی کے جانوروں کی پہچان



### میری سرگرمی

مچھلی کے مختلف اعضا پہچاننا۔




طلبہ کو پانی میں رہنے والے جانداروں کی تصویروں کے ذریعے پہچان کرائیں۔ مچھلی کے مختلف اعضا پہچاننے کے لیے کہیں۔

# (۲) شعبہ : لباس

## ۲ء۱ لباس بنانا

### کپڑے کے بارے میں مکالمہ

### چنٹو کی کہانی (تصویری کہانی)




تصاویر میں درج کپڑے کے تعلق سے مکالمہ اداکاری کے ساتھ کرنے کے لیے کہا جائے۔

## میری سرگرمی

کپاس کے پودوں کو بڑھنے کے مطابق صحیح ترتیب دو۔












کپاس کے پتے



کپاس کے پھول




کپاس کے بیج (بنولے)


تصویروں کو صحیح ترتیب میں لگانے کے لیے کہیں۔


## ۲ء۲ ابتدائی سلائی کام

### موسم اور کپڑے









سلائی کام سے جُڑی ہوئی چیزیں

## میری سرگرمی

سوئی، بٹن اور دھاگے کی تصویریں بناؤ۔

تصویریں دِکھا کر موسم اور کپڑوں کی شناخت کرائیں۔ کپڑے سینے کے لیے درکار اشیا / وسائل کی پہچان کرائیں۔ ملائم، کھردرے جیسے کپڑوں کے مختلف ٹکڑوں کو چھوٗ کر تجربہ حاصل کرنے دیں۔

# کپڑے کے مختلف حصّے


جوڑیاں لگا کر دیکھو۔






## میری سرگرمی

رنگ اور رنگین دھاگے کی جوڑی لگاؤ۔







کپڑے اور ان کے حصے کی پنسل کے ذریعے جوڑی لگانے کے لیے کہیں۔ رنگ اور دھاگے کی جوڑی لگانے کے لیے کہیں۔


## ۳ء۲ گڑیا کام

### تصویر اور پٹھے سے گڑیا بنانا









### میری سرگرمی

اخبار، رسالے سے رنگین تصویریں جمع کر کے ان سے پور پُتلی بنانا۔

پور پتلی اور کٹھ پتلی بنانے کا طریقہ بتائیں اور الگ الگ گڑیا تیار کرنے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۴ کاتھے کی چیزیں بنانا

ناریل کے درخت کے مختلف حصوں اور ان سے تیار ہونے والی چیزوں کی پہچان۔



## میری سرگرمی

ناریل کے درخت کا مشاہدہ کر کے اپنے لفظوں میں بیان کرنا۔

ناریل کے درخت سے بننے والی مختلف چیزوں کے نام بتانا۔

ناریل کے درخت کے مختلف حصوں کی پہچان کرائیں۔ اس سے تیار ہونے والی مختلف چیزوں کی تصویریں دِکھا کر وضاحت کرائیں۔

(۳) شعبہ : مکان

## ۳ء۱ مٹّی کام

### مٹّی کا گیت (بڑ بڑ گیت)

امّی بولیں -
بیٹے بولو کیا کرتے ہو تم ؟
بچّہ بولا -
امّی ہوں مَیں کھیل میں گم !



امّی بولیں -
بیٹے ! مٹّی سے نہ کھیل
چڑھ نہ جائے دھول اور مَیل
بچّہ بولا -
میری پیاری امّاں !
تمھیں جانا ہے کہاں ؟

کھیلنا ہے مجھ کو میں تو کھیلوں گا
کھیلنے دو مجھ کو میں نہ ابھی آؤں گا
کھیلنے دو مجھ کو اور تھوڑی دیر
سامنے ہے میرے مٹّی کا ڈھیر

### میری سرگرمی

گیلی مٹّی سے گول، لمبوتری، چوکون شکل کی چھوٹی چھوٹی ٹکیا تیار کرنا۔

مختلف پیشوں سے متعلق گیت جمع کر کے طلبہ کو سُر اور تال میں گانے کے لیے کہیں۔ گیلی مٹی سے مختلف شکلیں بنانے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۳ بانس کام اور بید کام

### بانس کا درخت اور اس کا استعمال





تصویر کے ذریعے بانس کے درخت کی پہچان کرائیں۔ اس کے مختلف استعمال پوچھیں۔

## ۳ء۳ پھول دار پودا اور آرائشی پودا کاری



### میری سرگرمی

گِرے ہوئے پھولوں کی پنکھڑیاں چِپکا کر تہنیت نامہ بناؤ۔

مختلف پھولوں کی پہچان کرائیں۔ تصویر کی وضاحت کرنے کو کہیں۔ جھڑے ہوئے پھولوں کی پنکھڑیاں، پنسل کا بُرادہ چپکا کر سجاوٹ کرنے کو کہیں۔

## (الف) دیگر شعبے

## کاشتکاری کی تکمیلی صنعتیں (غلّہ بانی)






















### میری سرگرمی

تصویر میں دِکھائے ہوئے جانوروں اور پرندوں کی آوازیں نکالو۔

S366BX



مرغا



بطخ



بلّی

تصویروں کے ذریعے جانوروں، پرندوں کی پہچان کرائیں۔ ان کی آواز سنائیں۔ طلبہ کو جانوروں اور پرندوں کی انفرادی طور پر اور اجتماعی طور پر آواز نکالنے کا موقع دیں۔